# فہرست مضامین

# تقویۃ الایمان


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ایک غلط خیال کی تردید | ۴ |
| ایمان کے دو جز ہیں | ۶ |
| توحید وشرک کے بیان میں | ۷ |
| شرک کے معنی یہ ہیں۔ | ۱۱ |
| اقسام شرک | ۱۳ |
| شرک سے اجتناب | ۱۹ |
| شرک سب سے بڑا ظلم ہے | ۲۰ |
| انبیاء کی بعثت کا اصل مقصد توحید ہے | ۲۱ |
| ازل میں توحید کا اقرار | ۲۲ |
| اشتراک فی العلم کی برائی | ۲۸ |
| علم غیب خاص اللہ ہی کو ہے | ۲۹ |
| ایک وسوسہ کی تردید | ۳۰ |
| پکار صرف اللہ ہی سن سکتا ہے | ۳۳ |
| بزرگان دین پر ایک الزام اور اسکی تردید | ۳۸ |
| اشتراک فی التصرف کی برائی | ۳۹ |
| پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے ایک اعلان | ۴۰ |
| حقیقت شفاعت | ۴۲ |
| اشتراک فی العبادت کی برائی | ۵۳ |
| غیر اللہ کو پکارنا شرک ہے | ۵۵ |
| شعائر اللہ کی تعظیم | ۵۶ |
| غیر اللہ کے نام پر شہرت دی ہوئی چیز حرام ہے | ۵۷ |
| یہ بھی ایک قسم کا شرک ہے۔ | ۶۰ |
| شرک فی العبادت کے متعلق ارشاد نبوی | ۶۰ |
| اشتراک فی العادات کی برائی | ۶۷ |
| اولاد میں بھی شرک ہو سکتا ہے | ۶۷ |
| کھیتی باڑی میں بھی شرک ہو سکتا ہے | ۷۱ |
| عادات میں شرک کے متعلق چند احادیث | ۷۴ |
| فال اور شگون کی برائی (نجوم۔ رمل۔ فال شگون) | ۷۶ |
| ایک بدوی کا عبرتناک واقعہ | ۸۰ |
| اچھے نام رکھنے ضروری ہیں | ۸۳ |
| غیر اللہ کی قسم کھانی شرک ہے | ۸۴ |
| غیر اللہ کی نذریں | ۸۶ |
| سجدہ صرف اللہ کا حق ہے اور پیغمبر خدا کی تعظیم کیجائے | ۸۶ |
| تکریمی الفاظ میں احتیاط | ۹۱ |
| تصویر کے متعلق ارشادات نبوی | ۹۳ |

کی چھڑی اور تعزیہ اور علم اور شدّہ اور امام قاسم کی اور پیر دستگیر کی مہدی اور امام کا چبوترہ اور استاد اور پیروں کے بیٹھنے کی جگہ کہ لوگ اسکی تعظیم کرتے ہیں اور وہاں جاکر نذریں چڑھاتے ہیں اور منتیں مانتے ہیں اور اسی طرح شہید کے نام کا طاق اور نشان اور توپ جسکو بکرا چڑھاتے ہیں اور اسکی قسم کھاتے ہیں اور اسی طرح بعضے مکان مرضوں کے نام سے مشہور کرتے ہیں جیسے سیتلا کا تھان یا مسانی کا یا بھوانی کا یا کالی کا یا کالکا کا یا برائی کا غرضیکہ یہ سب وثن ہیں۔ سو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ مسلمان جو قیامت کے نزدیک مشرک ہوجاویں گے ان کا شرک اسی قسم کا ہوگا کہ ایسی چیزوں کو مانیں گے برخلاف اور مشرکوں کے کہ جیسے ہندو یا مشرکین عرب کہ اکثر صنم پرست ہیں یعنی مورتوں کو مانتے ہیں سو دونوں مشرک ہیں۔ اللہ سے پھرے ہوئے اور رسول کے دشمن۔

مشکوٰۃ کے کتابُ الصَّیدِ والذبائح میں لکھا ہے کہ:۔

اَخرَجَ مُسلِمٌ عَنْ اَبِی الطُّفَیلِ اَنَّ عَلِیاً رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَخرَجَ صَحِیفَۃً فِیہَا لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیرِ اللّٰہِ۔

مسلم نے ذکر کیا کہ ابو الطفیل رضؓ نے نقل کیا ہے کہ حضرت علی رضؓ نے ایک کتاب نکالی کہ اسمیں لکھا تھا کہ لعنت کری اللہ نے اس شخص کو کہ ذبح کرے واسطے غیر اللہ کے۔

ف:۔ یعنی جو کوئی اللہ کے سوا کسی اور کے نام کا کوئی جانور کرے سو وہ ملعون ہے حضرت علی رضؓ نے ایک کتاب میں کئی حدیثیں پیغمبر خدا کی لکھ رکھی تھیں سو انھیں میں کی یہ بھی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی کے نام کے جانور کرنا یہ بھی انھیں کاموں میں سے ہے کہ اللہ نے خاص اپنی تعظیم کیلئے ٹھہرائے ہیں اسی کے نام پر کرنا چاہئے

مشکوٰۃ کے باب الاسامی میں لکھا ہے کہ :-

| | |
|---|---|
| اَخْرَجَ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ | مسلم نے ذکر کیا کہ ابو ہریرہؓ نے نقل کیا |
| قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ | کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ کوئی تم میں سے یوں |
| عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ | نہ بولے کہ میرا بندہ اور میری بندی تم |
| عَبْدِیْ وَاَمَتِیْ کُلُّکُمْ عَبِیْدُ اللّٰہِ | سب اللہ کے بندے اور تمہاری عورتیں |
| وَکُلُّ نِسَآئِکُمْ اِمَاءُ اللّٰہِ وَلَا | سب اللہ کی بندی ہیں اور غلام بھی |
| یَقُلِ الْعَبْدُ لِسَیِّدِہٖ مَوْلَایَ | اپنے میاں کو یوں نہ کہے کہ میرا مالک |
| فَاِنَّ مَوْلَاکُمُ اللّٰہُ ۔ | کیونکہ تم سب کا مالک اللہ ہے ۔ |

ف :- یعنی میاں اپنے غلام و لونڈی کو اپنا بندہ اور بندی نہ کہے اور غلام اپنے میاں کو اپنا مالک نہ کہے کیونکہ مالک اللہ ہے اور باقی سب اسکے بندے ہیں نہ ایک دوسرے کا بندہ ہے نہ مالک ۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو حقیقت میں کسی کا غلام بھی ہے سو وہ بھی آپس میں یہ گفتگو نہ کریں کہ اسکا بندہ ہے اور وہ اس کا مالک ، پھر جھوٹ موٹ کا بندہ بن نا اور عبد النبی اور بندہ علی اور بندہ حضور اور پرستار خاص اور امرد پرست اور آشنا پرست اور پیر پرست اپنے تئیں کہلوانا اور کسی کو خداوند ، خدائے گاں ۔ داتا گنج بخشا تو محض بیجا ہے اور نہایت بے ادبی اور ذراسی بات میں کہنا کہ تم ہماری جان و مال کے مالک ہو ، ہم تمہارے بس میں ہیں جو چاہو کرو محض جھوٹ ہے اور شرک کی بات ۔

مشکوٰۃ کے باب المفاخرۃ میں لکھا ہے کہ :-

| | |
|---|---|
| اَخْرَجَ الشَّیْخَانِ عَنْ عُمَرَ قَالَ | بخاری و مسلم نے ذکر کیا کہ حضرت عمرؓ نے |

# عربی و فارسی مطبوعات کا مرکز

ہمارے یہاں سے قاعدے، پارے ہر قسم کے قرآن مجید معریٰ
ومترجم نیز الہ آباد بورڈ۔ منشی، کامل، مولوی، عالم، فاضل
درسی وغیرہ درسی کتابیں باسانی طلب کیجاسکتی ہیں۔
نیز ہندوستان کے مشہور اداروں، ندوۃ المصنفین، دار المصنفین
کتب خانہ رشیدیہ، کتب خانہ امدادیہ، دیوبند، ندوۃ العلماء
لکھنؤ کی مطبوعات بھی مناسب ریٹ پر سپلائی کیجاتی ہیں تاجروں
کو مناسب کمیشن دیا جاتا ہے۔

فہرست مفت طلب فرمائیں۔

**الدائرۃ السلفیۃ۔ مئوناتھ بھنجن۔ یوپی**

**محمد نعیم بک سیلر صدر بازار مئوناتھ بھنجن**